بسم اللہ الرحمن الرحیم

فائز نام رکھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

فائز نام رکھنا کیسا؟ نیز اس کا معنیٰ کیا ہے؟

جواب

فائز کا معنیٰ ہے : "کامیاب ۔ فتح پانے والا ۔" یہ نام رکھنا درست ہے ، تاہم ! بہتر یہ ہے کہ اولاً بیٹے کا نام صرف "محمد" یا "احمد" رکھیں ، کہ فضائل تنہا انہیں اسمائے مبارکہ کے ساتھ وارد ہوئے ہیں ، پھر پکارنے کے لیے لڑکے کا نام انبیائے کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے مبارک ناموں ، اور صحابہ کرام و تابعین عظام اور بزرگانِ دین (نیک لوگوں) رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن کے مبارک ناموں میں سے کسی نام پر رکھ لیجیے ! کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے ۔

المنجد میں ہے "فازیفوز فوزا ۔ ۔ بالامر ۔ ۔ کامیاب ہونا ۔ "(المنجد ، صفحہ 658، مکتبہ قدوسیہ ، لاہور)

فیروز اللغات میں ہے : "فائز ۔ ۔ ۔ فتح پانے والا ۔ کامیاب ۔ "(فیروز اللغات ، صفحہ 979، فیروز سنز ، لاہور)

محمد نام رکھنے کی فضیلت :

کنزالعمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا : ”من ولدله مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة“ترجمہ : جس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے ۔ (کنزالعمال ، ج 16، ص 422، مؤسسۃ الرسالۃ ، بیروت)

ردالمحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے ”قال السيوطي : هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن“ترجمہ : علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا : جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں ، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے ۔ (ردالمحتار علی الدرالمختار ، کتاب الحظر والاباحۃ ، ج 9، ص 688، مطبوعہ : کوئٹہ)

فتاوی رضویہ میں ہے : "بہتر یہ ہے کہ صرف محمد یا احمد نام رکھے ان کے ساتھ ”جان“ وغیرہ اور کوئی لفظ نہ ملائے کہ فضائل تنہا انھیں اسمائے مبارکہ کے وارِد ہوئے ہیں ۔ "(فتاوی رضویہ ، ج 24، ص 691، رضا فاؤنڈیشن ، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے : ”تسموا بخیارکم“ترجمہ : اچھوں کے نام پر نام رکھو ۔ (الفردوس بماثور الخطاب ، جلد 2، صفحہ 58، حدیث 2328، دارالکتب العلمیۃ ، بیروت)

امامِ اہلسنت، امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں : "حدیث سے ثابت کہ محبوبانِ خدا، انبیاء واولیاء علیہم الصلوۃ والثناء کے اسمائے طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جبکہ ان کے مخصوصات سے نہ ہو"(فتاوی رضویہ، ج24، ص685، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

صدرالشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگان دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔"(بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ : ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جا سکتا ہے۔ نیچے دئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جا سکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5460

تاریخ اجراء : 17 ربیع الآخر 1448ھ/29 ستمبر 2026ء